اپنے پینے کے پانی کا تحفظ کریں

بیک فلو پروینشن ڈیوائس (BACKFLOW PREVENTION DEVICE) نصب کریں

ہر روز، نیویارک کے 8.6 ملین باشندوں کو DEP اپ اسٹیٹ ریزروائرز سے 1 بلین گیلن تازہ، صاف پانی فراہم کرتا ہے۔ ہم ہر سال پینے کے پانی کے معیار کو جانچنے والی 650,000 جانچیں بھی کرتے ہیں اور پانی کی سپلائی کی آلودگی کی روک تھام، اس کے رونما ہونے سے قبل ہی، کرنے کے لیے کام کرتے ہیں۔ تاہم، اگر آپ کے پلمبنگ نظام کے ساتھ منسلک کنکشن بیک فلو ڈیوائس کی مدد سے مناسب طور پر تحفظ یافتہ نہیں ہیں، تو پانی کی عوامی سپلائی کے آلودہ ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔

NYC Environmental Protection

بیک فلو آلودگی کیا ہوتی ہے؟

آپ کا پینے کا پانی شہر کی پانی کی مرکزی پائپ لائن سے آپ کی پراپرٹی کے پلمبنگ کے نظام میں زیر دباؤ بھیجا جاتا ہے اور اسے صرف ایک ہی سمت میں بہنا چاہیئے۔ بعض أوقات، پائپوں میں دباؤ کی تبدیلی کی وجہ سے پانی شہر کی پانی کی مرکزی پائپ لائن میں واپس داخل ہو سکتا ہے اور پانی کی عوامی سپلائی کو انسانی فضلے یا کیمیکلز سے آلودہ کر سکتا ہے۔

میں اپنے پینے کے پانی کا تحفظ کیسے کر سکتا/سکتی ہوں؟

ریاست نیویارک کا قانون مخصوص پراپرٹیز اور کاروباروں سے بیک فلو پروینشن ڈیوائسز نصب کرنے، انہیں چالو حالت میں رکھنے اور ان کی جانچ کرنے کا تقاضا کرتا ہے، جو آلودہ پانی کو پانی کی مرکزی پائپ لائن میں واپس جانے سے روکتی ہیں۔ ایسا کرنے میں ناکامی کا نتیجہ جرمانوں یا آپ کے پانی کے کنکشن کے کاٹے جانے کی صورت میں نکل سکتا ہے۔

کن پراپرٹیز کو بیک فلو پروینشن ڈیوائسز لگوانے کی ضرورت ہوتی ہے؟

- آب پاشی یا چھڑکاؤ کے نظام والی پراپرٹیز
- گاڑیوں کی مرمت والی ورکشاپس
- حجاموں کی دکانیں اور بیوٹی سیلون
- کاریں دھونے والی جگہیں
- میڈیکل، ڈینٹل، لیب اور علاج مویشیاں کی سہولیات
- لانڈریاں اور ڈرائی کلینر

*پراپرٹیز کی مکمل فہرست کے لیے nyc.gov/dep/backflow ملاحظہ کریں۔

سوالات؟

nyc.gov/dep/backflow ملاحظہ کریں،
connections@dep.nyc.gov پر ای میل کریں
یا 311 پر کال کریں۔

Para una copia en español, visite nyc.gov/dep/backflow

中文翻译, 请访问 nyc.gov/dep/backflow

Этот документ на русском языке опубликован на сайте nyc.gov/dep/backflow

Pou yon kopi nan lang kreyòl ayisyen, vizité nyc.gov/dep/backflow

한국어 복사본이 필요하시면, nyc.gov/dep/backflow를 방문하여 주세요.

Aby uzyskać kopię w języku polskim, należy odwiedzić nyc.gov/dep/backflow

বাংলা কপির জন্য, অনুগ্রহ করে nyc.gov/dep/backflow ওয়েব সাইটে যোগাযোগ করুন

Pour lire ce document en français, visitez nyc.gov/dep/backflow

للحصول على نسخه باللغة العربية، الذهاب الى nyc.gov/dep/backflow

اردو ترجمہ کے لیے nyc.gov/dep/backflow ملاحظہ کریں۔